The Quraish were anxious about the Makhzumi woman who had committed theft and asked, "Who will speak to God's Messenger about her?" Then they said, "Who will be bold enough for it but Usama b. zaid, God's Messenger's friend!" So Usama spoke to him and God's Messenger said, "Are you interceding regarding one of th. punishments prescribed by God?" He then got up and addressed them, saying, "What destroyed your predecessors was just that when a person of rank among them committed a theft they left him alone, but when a weak one from among them committed a theft they inflicted the prescribed punishment on him. I swear by God that if Fatima, daughter of Muhammad should steal I would have her hand cut off."

●

Enforce God's prescribed punishments on those who are near (to you in relation) and those who are distant, and let no one's blame come upon you regading (the enforcement of) God's punishments.

DUTIES OF HUSBAND AND WIFE

The world, the whole of it, is a commodity and the best of the commodities of the world is a virtuous wife.

●

Let no believing man hate a believing wom n. If he hates one trait of her character, he shall be pleased with another that is within her.



Min. for Information Maj. Gen. [Ret'd] Shahid Hamid being interviewed by Lateef Owaisi in Islamabad. The interview was published in Crescent Feb. 1, 80 issue.

FUND RAISING Afghanistan Koochee Exhibition

February 16 & 17, 1980
1.00 - 8.00 p.m.
496 Queen St. East, 3rd Floor

Film on Afghanistan, food, prints, posters & slides

TICKETS $5.00

Help in Fund Raising For Afghan Refugees.

For Further Information Call:
Nancy Thompson 368-1581 or Answering Service 651-3046

Official Dismissed Unjustly

It has been learnt with sadness that an honest police officer, Khwaja Muhammed Tufail, Superintendent Police, Lahore Cantt, was dismissed unjustly alongwith hundreds of others who were retired for dishonesty and corruption.

S.P. Khwaja Tufail was a well-known police officer whose integrity and honesty frightened even senior officers because he refused to take bribes or allowed others to take bribes in his presence. Perhaps someone sacrificed him because Khwaja Tufail's honesty was getting in the way of corruption and bribery.

Introduce Crescent to a Friend

CLASSIFIED

For Private Sale

Finch Warden, 2 storey, 3 Bedroom TH, close to schools, across from Bridlewood Mall. Good transportation. Private, $54,500.

After 6.00 p.m. 497-3377

Wanted

Baby sitter wanted Urgently for one year old baby in my house. Good wages. Phone:
(416)266-2743)
or (416)266-3038

Matrimonial

Matrimonial correspondence invited for a Muslim girl, age 27 years. Holding canadian Citizenship. Well settled Muslim boys may write with full particulars, recent photograph and telephone number.

K.K. C/O Crescent

Sunni Punjabi lady 36 years, divorced, no children, highly qualified. M.A., B.Ed., very well versed in domestic affairs, belongs to a respectable family. Now settled in Canada, wanted a suitable match with a sound income. Please write full details:

Q.S. C/O Crescent

عورت کی عیادت نے قومی سے جس نظرت کی طرح کالے ہوگئے

صدر نے سینئر افسروں کو تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کیا

باعزت اور آزاد قوم کی حیثیت سے زندگی گزارنے کے لئے عوام کے عزم اور حوصلے کی تعریف

راولپنڈی ... (اے پی پی) ... صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے آج یہاں ... سینئر افسروں سے خطاب کیا ... افغانستان کی تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کیا ... [illegible]

افغان مجاہدین نے چھاپہ مار جنگ کا آغاز کردیا

حکومت کے مخالفین کی مزاحمت شدت اختیار کرگئی ہے' وزیر دفاع کا اعتراف

روسی ٹینکوں اور بکتر بند گاڑیوں کے قافلے جلال آباد کی طرف بڑھ رہے ہیں

کابل ... (ریڈیو رپورٹ) ... افغانستان کے وزیر دفاع ... نے اعتراف کیا ہے کہ کابل کے جنوب مشرق ... جلال آباد اور ... کے علاقوں میں مجاہدین مزاحمت کر رہے ہیں ... [illegible]

نظام دکن کی کوٹھی کو ہسپتال بنادیا گیا

مقبرہ پر ... خراب کے خلاف خواتین کا جلوس

[illegible]


اسلام دشمن ڈاکٹر مارٹن کو سوڈان سے نکال دیا گیا

خرطوم ... (اے ایف پی) ... سوئٹزرلینڈ کے ایک ڈاکٹر مارٹن کو ... سوڈان میں اسلام دشمن تحریک کی قیادت کرنے کے الزام میں سوڈان سے نکال دیا گیا ... [illegible]

سابق صدر فخر الدین علی احمد کی ڈائری شائع کی جائے۔ جنتا کا مطالبہ

مرحوم صدر کی موت کے بارے میں افواہیں پھیلانے والے کانگریس کے دشمن ہیں۔ عابدہ احمد

[illegible]





ماسکو اور پیکنگ کے بارے کارٹون ... کارٹونسٹ کی نظر میں



[illegible]

رسول کریم کی شان میں گستاخانہ شعر پر وزیر اطلاعات کی احمد فراز کو ڈانٹ

راولپنڈی ... [illegible]

مظاہرہ امریکہ کے خلاف'
تصویریں بھٹو کی
اور نعرے پاکستان کے خلاف
پیپلز پارٹی کا مظاہرہ پھُس پھُسا رہا

لندن ... [illegible]

امریکہ میں پاکستانی باشندوں کی نئی تنظیم

[illegible]

Readers Note

Because of delays encountered by readers in receiving CRESCENT, we have decided to publish the Post office date stamp indicating when the last issue was submitted at the Post office. This way readers can compare how long it took for the issue to get to them.

If the paper is delayed by more than eight days, we strongly urge readers to complain to the post office.

The last issue of Crescent was mailed on February 1, 1980

1 ... 1980
DON MILLS

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک ۳۲ سالہ تعلیم یافتہ اور خوبصورت دوشیزہ جو یو۔ پی کے اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھتی ہے اور آج کل مانٹریال میں مستقل سکونت پذیر رشتہ داروں کے ساتھ مقیم ہے کے لیے رشتہ درکار ہے۔ خواہشمند مکمل تفصیلات تحریر فرمائیں:

M. A. M.
P. O. BOX 13, T.M.R.
MONTREAL, QUE.
H3P 3B8

ایک کینیڈین امیگرنٹ، سنی پاکستانی لڑکی کے لیے پاکستانی یا انڈین مسلمان عمر ۲۵ تا ۳۰ سال' مذہبی خیالات کے حامل لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ ضروری تفصیلات پہلے ہی خط میں تحریر فرمائیں۔

KHAN
C/O CRESCENT

ایک پاکستانی کینیڈین سٹیزن' عمر ۳۵ سال' بی۔ ایس سی' سنی لڑکے کے لیے اعلیٰ تعلیم یافتہ' سمجھدار' شریف گھرانے کی مذہبی خیالات کی حامل لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ مکمل تفصیلات پہلے ہی خط میں تحریر فرمائیں۔

KHAN
C/O CRESCENT

ایک ۲۶ سالہ ہندوستانی مسلمان لڑکے کے لیے جو ان دنوں سعودی عرب میں ملازم ہے' کینیڈین امیگرنٹ ۲۲ تا ۲۰ سالہ شیعہ مذہب سے تعلق رکھنے والی لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ دلچسپی رکھنے والے پتہ ذیل پر خط لکھیں۔

HUSAIN
C/O CRESCENT

شریف اور خوبصورت لڑکا عمر ۳۰ سال' سید' سنی' تعلق یو۔ پی' سکونت کراچی' تعلیم ایم۔ اے کے لیے شمالی امریکہ یا برطانیہ میں مقیم لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے ۔۔۔ اور
ایک شریف' خوش شکل اور اسمارٹ لڑکی عمر ۲۰ سال' تعلیم بی۔ اے' کمپیوٹر میں ڈپلومہ' حیدرآباد دکن کے معزز اور خوشحال گھرانے سے تعلق' سکونت کراچی کے لیے شریف اور تعلیم یافتہ لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔

MRS. Z. A. KHAN
2290-A, RUSSELL RD.
OTTAWA, ONT.
CANADA K1G 1B4

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے)

طنز و مزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

ایران میں طلباء کے امریکی سفارت خانے پر قبضہ کر کے پچاس امریکی ملازمین کو سفارت خانے میں بند رکھنے پر امریکہ میں ہلچل مچی ہوئی ہے اور کارٹر کے دوبارہ صدر منتخب ہو جانے کے امکان بہت بڑھ گئے ہیں۔ امریکہ کے دوست ممالک زبانی جمع خرچ کر کے اپنی دوستی کا اظہار تو بہت کر رہے ہیں۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی امریکہ کے ساتھ مل کر ایران کے خلاف کوئی سخت قدم اٹھانے کو تیار نہیں۔ امریکہ کے ان مغربی دوستوں میں سے مسز تھیچر نے سب کی موجودگی میں صدر کارٹر سے اپنی بے پناہ محبت کا اقرار کیا تو BORN AGAIN کرسچین لیڈر بس مسکراتا رہا۔ امریکہ کے مغربی دوستوں میں سے کسی ایک کو بھی ایران یا دنیا کے کسی دوسرے ملک سے محبت نہیں ان ممالک کا ایمان صرف یہ ہے:

LOVE THYSELVES

اگر دوسرے کا خون چوس کر اپنی ذات کو فائدہ پہنچ سکتا ہے تو خون چوسنا بُری بات نہیں۔ لیکن امریکہ کے یہ مغربی چودھری دوست ایران کو ناراض کر کے ایرانی تیل سے ہاتھ دھونے پر بھی تیار نہیں۔ امریکہ اس خوش فہمی میں مبتلا رہا کہ اُس کے مغربی دوست ایران کے خلاف اُس سے زیادہ سخت قدم اٹھائیں گے۔ مسز تھیچر کے سب کے سامنے "اعلانِ وفا" کے باوجود برطانیہ نے کون سا عملی قدم اٹھایا؟

مسلمانوں میں جو ردِّ عمل رہا اُس کے تین گروہوں میں بٹنے کی نشاندہی "کریسنٹ" میں ظفر بنگش نے اپنے ایک حالیہ نوٹ میں کی تھی۔ یعنی:

① پہلا گروہ ایران کی ہر اچھی اور بُری بات کی تائید کرتا ہے۔

② دوسرا گروہ ہر بات کی چھان بین کے بعد ایران کا ساتھ دیتا ہے۔

③ تیسرا گروہ مغربی اخبارات کی اطلاعات پڑھنے کے بعد ایران کی مخالفت کرتا ہے۔

مسلمانوں کا دوسرا گروہ جو ہر بات کی چھان بین کے بعد ایران کا ساتھ دیتا ہے ایک اہم سوال سے اُلجھا رہتا ہے۔ سوال یہ ہے:

اسلام میں سفیر کی کیا حرمت ہے؟

حضرت عمرؓ کے دور میں غیر اسلامی ایرانی سلطنت کے خلاف اسلامی مہم کی تیاریاں سعد بن ابی وقاص کر رہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے ان تیاریوں کی تفصیل دیکھنے کے بعد پیش قدمی کے متعلق ہدایت بھیجیں تو حکم دیا کہ جنگ سے پہلے اسلامی سفیروں کو تبلیغ اسلام کے لیے دربار ایران بھیجا جائے۔ اس حکم کے ملنے پر سعد بن ابی وقاص نے مغیرہ بن شعبہ کو چند آدمیوں کے ساتھ تبلیغ اسلام کے لیے بھیجا۔ مغیرہ جب سلطنت ایران کے شہنشاہ یزدگرد کے دربار میں پیش کیے گئے تو تلواریں قریبے کی نہ تھیں۔ نیام کی بجائے تلواریں چیتھڑے لپٹے ہوئے تھے۔ اسلامی سفیروں نے اسلام قبول کرنے کی پیشکش کی تو ایرانی بادشاہ یزدگرد نے جوشِ غضب میں کہا کہ اگر سفیروں کا قتل کرنا ناروا نہ ہوتا تو تم میں سے کوئی گردن سلامت نہ لے جا سکتا تھا۔ اگر یزدگرد سفیروں کا احترام کر سکتا ہے تو پھر امام خمینی کیسے امریکی سفارت خانے کے خلاف طلبہ کے عمل کی منظوری دے سکتے ہیں؟

گزشتہ کئی ہفتوں سے مغربی اخبارات اور رسالوں میں ایران اور اسلام کے خلاف بڑی لے دے مچی اور اعلیٰ قسم گند اچھالی جا رہی ہے۔ اکثر مضامین میں یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ ایران نے ویانا کنونشن کی خلاف ورزی کی ہے۔

ویانا کنونشن اپریل ۱۹۶۱ء میں پاس ہوا تھا۔ اس بین الاقوامی معاہدہ کے آرٹیکل نمبر ۴۱ میں لکھا ہے "... ڈپلومیٹک مشن کے ملازمین کی ذمہ داری ہے کہ وہ میزبان ملک کے قاعدے اور قوانین کا احترام کریں گے۔ ان کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ میزبان ملک کے اندرونی حالات میں مداخلت نہیں کریں گے۔ تمام سرکاری کارروائی میزبان ملک کے فارن آفس کی وساطت سے ہو گی ....."

اسی آرٹیکل ۴۱ کی مد "سی" یوں درج ہے کہ:

"سفارت خانے کی جگہ اس طرح استعمال نہ کی جائے جو ان اصولوں کے خلاف ہو جو سفارت خانے کی کارروائیوں کی مد میں اسی معاہدے میں درج ہیں۔"

اس معاہدے کے آرٹیکل ۳ میں سفارت خانے کی کارروائیوں اور ذمہ داریوں کی تفصیل درج ہے۔ اختصار کی خاطر صرف مد "ڈ" کو نقل کرتا ہوں:

"ہر قانونی ذرائع سے میزبان ملک کے حالات کو اپنی ملکی حکومت کو (قانونی طور پر) بھجوانا۔"

بڑی طاقتوں کے سفارت خانے میزبان ملک میں جاسوسی کا جال بچھائے رہتے ہیں۔ اس کے باوجود تمام مغربی ممالک اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ جاسوسی کا یہ عمل غیر قانونی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب سفارت خانے کا کوئی ملازم میزبان ملک میں جاسوسی کرتے پکڑا جاتا ہے تو میزبان ملک اس کو PERSONA NON GRATA قرار دے کر ملک بدر کر دیتا ہے۔ یہ ملک سفارت خانے کے مجرم فرد کے خلاف سخت قدم اس لیے نہیں اٹھاتے کہ خود ان کے اپنے سفیر دوسرے ممالک میں یہی کر رہے ہیں۔

ایران کے اسلامی انقلاب کے بعد امریکی سفارت خانے کی جاسوسی اور ملک میں بدامنی پیدا کرانے کی کارروائیاں پہلے سے زیادہ بڑھ گئیں۔ اب یہ کہا جا سکتا ہے کہ خمینی یہ جانتے سمجھتے ہوئے کہ ہر سفارت خانہ جاسوسی کرتا ہے امریکی سفارت خانے کے بند کرنے کا حکم دے سکتے تھے۔ لیکن سرکاری اور قانونی طور پر امریکی سفارت خانے نے یہ نہ کہا کہ ہم جاسوسی کا مرکز ہیں۔ سرکاری سطح پر تو وہ ویانا کنونشن کا احترام کر رہے تھے۔ اس لیے پہلے قانون کو کس نے توڑا؟ امریکہ نے یا ایران نے؟ جاسوسی کے الزام میں پکڑے جانے والوں کے خلاف رسول کریمؐ نے کیا رویّہ اختیار کیا؟ ایک ایسا ملک جہاں سبھی جانتے ہوں کہ ملک میں تخریبی کارروائیاں یہاں سے جنم پاتی ہیں، کیا ایسے اڈے کا احترام اسلام سکھاتا ہے؟ فتنے کی جڑ کاٹ دینے کی اسلام تعلیم دیتا ہے یا اس کی پرورش کی؟

امام خمینی کا فتویٰ ہے کہ امریکی سفارت خانے کے خلاف تہران میں کارروائی جائز ہے۔ لیکن خوش قسمتی سے ہم مسلمانوں میں ایک اور بڑا امام بھی زندہ سلامت ہے۔ امام سادات مصری کا فتویٰ ہے کہ امریکیوں کے خلاف تہران میں جو ہو رہا ہے غیر اسلامی ہے۔ کس امام کو آپ مانتے ہیں ———— ؟

محفل شعر و سخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

بہار

آمدِ بہار کی ہے جو بلبل ہے نغمہ سنج
اڑتی سی اک خبر ہے زبانی طیور کی
— غالب

•

دیکھیے کیا گُل کھلاتی ہے بہار اب کے برس
خواب میں دیکھا ہے فانی نے قفس کا در کھلا
— فانی

•

فصلِ بہار آئی، پیو صوفیو شراب
بس ہو چکی نماز، مصلّیٰ اٹھائیے
— آتش

•

نہ گُل کھلے ہیں، نہ ان سے ملے، نہ مے پی ہے
عجیب رنگ میں اب کے بہار گزری ہے!
— فیض احمد فیض

•

جوشِ شباب، نشۂ صہبا، ہجومِ شوق
تعبیر یوں بھی کرتے ہیں فصلِ بہار کو
— اصغر گونڈوی

•

بیچ اٹھیں یا نہ اٹھیں آ گئی جس دن بہار
سنبلِ گل خود بخود پرزے پرزے پیرہن ہو جائیگا
— جلیل مانک پوری

•

پھر وحشیوں کو شوق ہوا کوہسار کا
شاید اسی کو کہتے ہیں موسم بہار کا
— افسر میرٹھی

•

اللہ رے اس طرح کی جنوں آفریں بہار
جوشِ بہار تھا کہ قیامت چمن میں تھی
— ریاض خیرآبادی

•

بھولے نہیں ہیں سیرِ گلستاں کے ہم ولے
کیونکر نہ کھائیے کہ ہوا ہے بہار کی
— غالب

•

نہ طبیعتوں میں شگفتگی نہ دلوں میں اب وہ قرار ہے
گر احترامِ چمن کرو تو بہار پھر بھی بہار ہے

مرسلہ: غلام مصطفیٰ تبسم

غزل

دلِ ناداں اسے سینے سے لگانا چاہے
وہ خفا ہونے کو ہر روز بہانا چاہے

میری خواہش ہے دمکتے ہوئے رنگوں کی تلاش
وہ افق تا بہ افق آگ لگانا چاہے

میرے بس میں ہو تو پلکوں میں سجاؤں اس کو
جو جفا خو مرے تن من کو جلانا چاہے

عکس بکھرے ہیں تو بکھرے ہی چلے جاتے ہیں
اور وہ آئینہ خانے میں ٹھکانا چاہے

کون ہے جو مرے احساس کی فریاد سنے
کون ہے جو تری تصویر بنانا چاہے

کتنا ناداں ہوں کہ میں خواب نگوں کے دیکھوں
کتنا ناداں ہے کہ وہ سنگ اٹھانا چاہے

کاملی تو بھی تو پاگل ہے کہ مفلس ہو کر
اہلِ دنیا سے محبت کا فسانا چاہے

بچوں کی تصویریں

اگرچہ بچوں کا عالمی سال ختم ہو چکا ہے لیکن "کریسنٹ" نے بچوں کی تصاویر کی اشاعت کا سلسلہ قائم رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چنانچہ اپنے بچوں کی پیدائش، سالگرہ، عید اور کسی بھی موقع پر لی ہوئی تصاویر ہمیں بھیجتے رہیے۔ (ادارہ)



حنا عثمان - عمر سوا سال

بہنوں کی محفل



اپنے آپ کو پہچانیے

ناہید شباب

موزوں قد و قامت، گوری رنگت اور خوبصورت نقش و نگار کسے نہیں بھاتے ...؟ یہ ہر فرد کی کمزوری ہیں۔

اس کے لئے سب سے پہلے آپ کو اپنے آپ کو دیکھنا پرکھنا اور پہچاننا ہوگا۔

There are four Ontario Tax Credits ready to be of help to you at tax time.

Do you qualify?

اگر آپ انٹاریو کے شہری ہیں تو آپ انٹاریو ٹیکس کریڈٹ کے مستحق ہو سکتے ہیں خواہ آپ کی آمدنی پر ٹیکس لگے یا نہ لگے۔ اس کے لیے آپ اپنے فیڈرل انکم ٹیکس کے فارم کے ساتھ آیا ہوا کاسنی رنگ کا انٹاریو ٹیکس کریڈٹ فارم پُر کر کے اپنے ٹیکس فارم



کے ساتھ بھیج دیں۔ انٹاریو کا فارم فیڈرل انکم ٹیکس شیڈول میں شامل ہے۔

جائیداد کا ٹیکس کریڈٹ

یہ کریڈٹ میونسپل اور اسکول ٹیکس کے بار کو کم کرنے کے لیے دیا گیا ہے۔ اگر آپ مکان کے مالک ہیں یا کوئی کمرہ یا گھر کرایہ پر لیا ہوا ہے اور آپ کی آمدنی اوسط یا قلیل ہے تو آپ اس کریڈٹ کے مستحق ہیں۔

سیلز ٹیکس کریڈٹ

آپ کے ذاتی EXEMPTIONS کی بنیاد پر یہ کریڈٹ آپ کو مل سکتا ہے بشرطیکہ آپ کو کسی اور ٹیکس ادا کرنے والے نے زیر سرپرست فرد کی حیثیت سے کلیم نہ کیا ہو۔ اگر آپ معمر شہری ہیں تو عمر کا EXEMPTION آپ کے سیلز ٹیکس کریڈٹ کی رقم کو بڑھا دے گا۔

وظیفہ یاب لوگوں کا ٹیکس کریڈٹ

ہر وہ میاں بیوی یا فرد جو ۶۵ سال یا اس سے زیادہ عمر کا ہو انٹاریو کے لیے ایک سو ڈالر کا کریڈٹ مہیا کیا گیا ہے۔

سیاسی چندہ کا ٹیکس کریڈٹ

کیا آپ نے صوبے کی کسی سیاسی جماعت یا CONSTITUENCY ایسوسی ایشن کو پچھلے سال نقد رقم کی صورت میں چندہ دیا ہے؟ اگر دیا ہے تو پھر آپ اس ٹیکس کریڈٹ کے مستحق ہو سکتے ہیں۔

مکمل معلومات یا انٹاریو ٹیکس کریڈٹ پر کتابچہ حاصل کرنے کے لیے ہمارے ہمہ زبانی (MULTILINGUAL) سنٹر کو مفت فون کیجئے:

میٹرو ٹورانٹو میں 965-8470 پر۔

اگر ایریا کوڈ (807) ہو تو آپریٹر سے ZENITH 8-2000 مانگیے۔

دوسرے تمام علاقوں کے لیے یہ نمبر ہے: 1-800-268-7121

یا اس پتے پر لکھیے:

Ministry of Revenue
Guaranteed Income and
Tax Credit Branch
Queen's Park
Toronto, Ontario M7A 2B3

Ontario

Lorne Maeck,
Minister of
Revenue

William Davis, Premier

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ساؤتھ افریقہ

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا نہ غم ہوگا (القرآن)

جرأت مندانہ قرار دادیں

اسلامی وزرائے خارجہ کی کانفرنس اختتام پذیر ہوئی اور اس کانفرنس کے جو فیصلے قرار دادوں کی صورت میں منظر عام پر آئے ہیں وہ پوری طرح نہ سہی لیکن بہرحال بڑی حد تک دنیائے اسلام کی توقعات پوری کرتے ہیں۔ افغانستان میں روسی جارحیت کی مذمت کی گئی ہے اور ہر چند کہ قرار داد میں افغانستان کی براہ راست مدافعت کے لئے کسی اقدام کا ذکر نہیں ہے اور آئندہ اس قسم کی صورت حال کی تکرار کو روکنے کے لئے کسی مشترکہ دفاعی نظام کے وضع کرنے کے سوال کو بھی آئندہ غور و فکر کے لئے مؤخر کر دیا گیا ہے۔ بایں ہمہ افغانستان سے متعلق جو قرار داد ہے اس پر بھی اگر پوری طرح عمل درآمد ہو جائے تو وہ روس کو ناکوں چنے چبوانے کے لئے کافی ہے اور اس قرار داد میں مجوزہ اقدامات کو روبہ عمل لانے سے یقینی طور پر روس پر اتنا دباؤ بڑھ سکتا ہے کہ وہ اپنی کارروائیوں پر نظر ثانی نہ سہی تو کم از کم غور و فکر پر یقیناً مجبور ہوگا۔

افغانستان سے متعلق قرار داد میں بہت جرأت مندی کے ساتھ روس کو ایک آزاد و خود مختار مسلم ملک کی آزادی کو ہڑپ کرنے کے لئے توسیع پسندانہ جارحیت کا مجرم قرار دیا گیا ہے اور ۳۶ اسلامی ملکوں کے اجتماع کا یہ متفقہ تاثر یقینی طور پر ستر کروڑ مسلمانوں کی جانب سے روس کو ایک سامراجی توسیع پسند اور چھوٹی اقوام کی آزادیوں کی دشمن قوت ٹھہرانے کے مترادف ہے۔ اس لیبل کے ساتھ مستقبل میں روس کو تیسری دنیا میں بالعموم اور دنیائے اسلام میں بالخصوص چھوٹی اقوام کی بہی خواہ قوت کی حیثیت سے در آنے کی گنجائش نہیں ملے گی۔

اس قرار داد کے مطابق اگر تمام متعلقہ اسلامی ممالک نے افغانستان سے سفارتی تعلقات منقطع کر لیے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ افغانستان میں روس کی قائم کردہ کٹھ پتلی حکومت پوری دنیائے اسلام سے کٹ جائے گی اور اس کے لئے غیر معمولی اقتصادی، سیاسی اور معاشرتی مشکلات پیدا ہونگی، جن کا ازالہ روس کے بس میں بھی نہ ہوگا۔ اور اس کے بعد پوری دنیا کی توجہ افغانستان میں روس کے قبضے پر مرتکز ہو جائے گی۔ افغانستان کے بارے میں جیسے کچھ بھی فیصلے اس قرار داد میں موجود ہیں وہ اس اعتبار سے غیر معمولی ہیں کہ اس سے قبل شاذ ہی کبھی ایسا ہوا ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں مسلمان ممالک نے کسی صورت حال سے نمٹنے کے لئے ایسے مؤثر اقدامات کے فیصلے کئے ہوں۔

تاہم اس قرار داد میں افغانستان کے اندر افغانوں کی مجاہدانہ اور سرفروشانہ جدوجہد کے سلسلے میں اخلاقی اور مادی مدد کے بارے میں جو پُراسرار خاموشی اختیار کی گئی ہے وہ اذیت ناک ہے۔ افغانوں کو اگر اپنی آزادی کے قابل دیکھنا مقصود ہے تو ان کی عملی اور ٹھوس مدد کی کوئی صورت ضرور ہونی چاہیے تھی۔

اس کانفرنس کی دوسری اہم قرار داد وہ ہے جس میں ایران پر پڑنے والے دباؤ کا ذکر ہے اور کہا گیا ہے کہ اس دباؤ کے سبب اسلامی کانفرنس کی نظر میں ایران کے اقتدار اعلیٰ علاقائی یکجہتی اور سیاسی آزادی کو سنگین خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔ قرار داد میں اس توقع کے اظہار کے ساتھ کہ ایران اور امریکہ اپنے متنازعہ مسائل کو باہم پُرامن ذرائع سے حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ متنبہ کیا گیا ہے کہ ایران یا کسی بھی دوسرے اسلامی ملک کو کسی بھی نوعیت کی دھمکی دینا یا اس کے خلاف طاقت استعمال کرنا یا اس کے معاملات میں مداخلت کرنا یا اس کے خلاف اقتصادی پابندیاں عائد کرنے کے لئے مجوزہ کرنا ایسے اقدامات ہونگے جن کی کانفرنس پوری شدت سے مخالفت کریگی۔ ہمارے خیال میں امریکہ کو اس قرار داد کا نوٹس لینا چاہیے کیونکہ قرار داد میں وہ تمام ممکنہ صورتیں جن کی شدید مخالفت اور مزاحمت کا اسلامی کانفرنس کی طرف سے عہد کیا گیا ہے ایران کو امریکہ کی دھمکیوں میں مذکور رہی ہیں۔ اس اعتبار سے یہ قرار داد امریکی دھمکیوں کی مذمتی قرار داد کی حیثیت رکھتی ہے۔ دنیائے اسلام کے اس کھلے انتباہ کے بعد صدر کارٹر کی حکومت کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ برادر مسلم ملک ایران تنہا نہیں ہے اس کی پشت پر پوری دنیائے اسلام ہے اور اس کے خلاف کسی قسم کی بھی کوئی کارروائی پوری دنیائے اسلام کو ناراض کرنے کا موجب ہو سکتی ہے۔ ہمارے خیال میں افغانستان اور ایران سے متعلق اسلامی وزرائے خارجہ کی کانفرنس کی قرار دادوں کو یکجا کر کے دیکھا جائے تو بدیہی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ اس کانفرنس کا کردار قطعی طور پر غیر جانبدارانہ ہے اور اس کانفرنس کی قرار دادوں کی زبان میں گویا روس و امریکہ دونوں سپر طاقتیں ایک ہی زمرے میں آتی ہیں۔ دونوں دنیائے اسلام کی مخالف طاقتیں ہیں اور دونوں سے دنیائے اسلام قطعاً کوئی حسنِ ظن نہیں رکھتی۔ اور اس طرح اس کانفرنس کے ذریعے ان دونوں عالمی طاقتوں کے مقابلے میں دنیائے اسلام کا ایک الگ اور منفرد تیسری قوت کی حیثیت سے تشخص ابھرا ہے۔

روزنامہ جسارت کراچی

امریکہ کے لیے آخری موقع
بھارت اور اسرائیل کے متعلق حقیقت پسندانہ پالیسی

امریکہ کے ایک سابق وزیر دفاع مسٹر کلارک کلفورڈ نے یہ کہا ہے کہ روس نے اگر خلیج کا رُخ کیا، تو اس کا مطلب امریکہ سے جنگ ہوگا۔ انھوں نے یہ انتباہ دہلی میں کیا، جہاں وہ اپنی حکومت کے خصوصی ایلچی کے طور پر اس صورت حال پر بات چیت کے لیے گئے تھے، جو افغانستان پر روس کے فوجی قبضہ سے پیدا ہو گئی ہے۔ ان کے اس دورے کا مقصد ان (فرضی اور بے جا، بلکہ منافقانہ) خدشات کا ازالہ کرنا تھا، جو پاکستان کو امریکہ کی طرف سے فوجی اور اقتصادی امداد کی بحالی کے ذکر اور امکان پر بھارت میں ظاہر کئے جا رہے ہیں، جس کی وزیر اعظم (اور روس کی "محترمہ") مسز اندرا گاندھی نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ امریکہ اور چین ہتھیاروں کے انبار لگا کر پاکستان کو اسلحہ خانے میں تبدیل کر رہے ہیں۔

بھارت کا یہ واویلا اس کی عادت اور معمول کا مظاہرہ ہونے کے علاوہ ایک مستقل بلیک میل کا بھی حصہ ہے، جس کا مقصد امریکہ کو ڈرا دھمکا کر پاکستان کی امداد سے باز رکھنا ہے تاکہ یہ ملک بھارت کے مقابلے میں مضبوط و مستحکم نہ بن سکے اور اس کے توسیع پسندانہ عزائم آسانی کے ساتھ پورے ہو سکیں۔ امریکہ بھی بے جا ناز برداری کر کے بھارت کی اس بلیک میل کو کامیاب اور نتیجہ خیز ثابت کرتا رہا ہے، اور اس کے ایٹمی دھماکے کے باوجود نہ صرف بھارت کو جوہری ایندھن فراہم کرتا رہا ہے، بلکہ بھارت کے روس سے "معاہدہ دوستی" سے بھی چشم پوشی کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ اس علاقے میں اپنے اُن مفادات کو بھی نظر انداز کرتا رہا ہے، جن کا احساس اب اسے افغانستان پر روس کے فوجی قبضے سے ہوا ہے، اور اس کے بعد ... روکنے کے لیے جنگ تک کا انتباہ بھی کر دیا ہے۔

یہ تفصیل بیان کرنے کی ضرورت صدر امریکہ کے مشیر قومی سلامتی مسٹر برژنسکی اور نائب وزیر خارجہ مسٹر وارن کرسٹوفر کے دورۂ اسلام آباد کی وجہ سے محسوس ہوتی ہے، جہاں وہ افغانستان کی صورت حال کی وجہ سے پاکستان کو فوجی و اقتصادی امداد کا جائزہ لینے کے لیے آئے ہیں۔ ان امریکی مدبرین کی بات چیت کے سلسلے میں کوئی قیاس آرائی مناسب معلوم نہیں ہوتی، کیونکہ اس کے نتائج جلد ہی سامنے آ جائیں گے، لیکن امریکہ پر یہ واضح کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اگر وہ اس علاقے میں روس کی مزید پیش رفت روکنے میں سنجیدہ ہے، تو اسے اب بھارت اور اسرائیل کے متعلق اپنی روایتی پالیسیوں پر حقیقت پسندانہ نظر ثانی کرنی ہوگی۔ بھارت کو ہر قیمت پر مطمئن کرنے کی کوشش جاری رکھی گئی، تو پاکستان کے لیے اس خطرے کا مقابلہ بہت مشکل ہو جائے گا، جو افغانستان پر روس کے فوجی قبضے کے بعد پاکستان کی سرحدوں پر دستک دے رہا ہے اور عربوں کے مقابلے میں امریکہ اب تک اسرائیل کو جو بے جا اہمیت و فوقیت دیتا رہا ہے اسے جاری رکھ کر بھی تمام عرب ملکوں کو ناراض کر کے وہ خلیج میں بھی اپنے اُن مفادات کی حفاظت نہیں کر سکتا، جن کی خاطر اس نے روس کو جنگ کا انتباہ کیا ہے۔ دوسرے الفاظ میں اب وقت آ گیا ہے کہ امریکہ اپنے حلیف برطانیہ کے وزیر خارجہ لارڈ کیرنگٹن کی طرح صاف گوئی سے کام لے، جن کے حالیہ دورۂ دہلی میں ایک پریس کانفرنس میں پاکستان کے خلاف امریکہ اور چین کے (مبینہ) گٹھ جوڑ کا سوال اٹھایا گیا، تو انھوں نے جواب میں "روس اور بھارت کے گٹھ جوڑ" کا ذکر کر کے بھارتی ناقدوں کا منہ بند کر دیا تھا۔

افغانستان پر روس کے فوجی قبضے سے خطرہ صرف پاکستان تک محدود ہوتا، تو واشنگٹن، لندن، بون، ٹوکیو وغیرہ میں بھی کوئی صدائے تشویش و اضطراب بلند نہ ہوتی۔ ۱۹۷۰-۷۱ء میں اہلِ پاکستان کو ناقابلِ فراموش تجربہ ہو چکا ہے کہ بھارت نے روس کی شہ پر تخریب اور جارحیت سے پاکستان کے مشرقی بازو کو علیحدہ کرنے کی سازش کی، تو مغربی دنیا نے اس پر کسی قسم کا صدمہ و اضطراب ظاہر نہ کیا۔ اسی سنگدلانہ بے حسی کا مظاہرہ اپریل ۱۹۷۸ء میں کابل میں کمیونسٹ انقلاب کے بعد بھی کیا گیا کہ پاکستان میں افغان مہاجرین کی بڑی تعداد میں آمد شروع ہو گئی تھی، لیکن ڈیڑھ سال تک کسی مغربی ملک نے انسانی بنیادوں پر اُن کی بحالی کے نام امداد کی بھی ضرورت محسوس نہ کی، لیکن اب افغانستان پر روس کے فوجی قبضے سے اس علاقے میں اُن کے مفادات کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے، تو پاکستان کے دفاعی استحکام کے لئے امداد کے ساتھ انہیں افغان مہاجرین کا انسانی مسئلہ بھی نظر آنے لگا ہے۔ اُن کی یہ دلچسپی اور بھاگ دوڑ اُسی وقت کامیاب اور نتیجہ خیز ثابت ہوگی، جب امریکہ کی سربراہی میں اپنی روایتی اسلام دشمنی کو خیرباد کہتے ہوئے مغربی ملک بھارت اور اسرائیل کے متعلق بھی حقیقت پسندانہ پالیسی اختیار کریں گے۔ اسرائیل کی خاطر عربوں سے ظلم روا رکھ کر وہ خلیج میں اپنے مفادات کو محفوظ نہیں کر سکتے، اسی طرح پاکستان کی امداد کو وہ بھارت کی خوشنودی سے مشروط کر کے اس علاقے میں روس کی مزید پیش رفت کو بھی نہیں روک سکتے۔ افغانستان پر روس کے فوجی قبضے نے بلاشبہ پاکستان کے لیے زبردست خطرہ پیدا کر دیا ہے، جس کا مقابلہ کرنے کے لیے اسے اپنے زورِ دست و بازو پر آخری حد تک انحصار کے ساتھ مغربی اور مسلم ملکوں کی ہمدردی اور امداد کی بھی اشد ضرورت ہے، لیکن روس کے حلیف بھارت کی خوشنودی کی خاطر پاکستان کی امداد میں روایتی تامل اور پلوتہی سے کام لیا گیا، تو امریکہ اور اُس کے حلیف بھی وہ آخری موقع گنوا دیں گے، جو اس علاقے میں اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے انہیں مل رہا ہے۔

روزنامہ نوائے وقت

حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

"جو شخص مسلمان سے اس کی تکلیف دور کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے قیامت کے دن اس کی تکالیف کو دور کرے گا۔"

نورِ بصیرت
میاں عبدالرشید

رحمۃ للعالمین

اللہ اللہ! کس کی عظمت کا تذکرہ ہے، قلم سرنگوں ہے۔ خیالات بادل کی طرح اُمڈے چلے آتے ہیں۔ جذبات میں طوفان اُٹھ رہا ہے۔ آنکھوں میں آنسو مچل رہے ہیں۔ کہاں یہ حقیر راقم، ناتمیں اور کہاں وہ شہِ لولاک، جس کی تعریف میں خود خالق رطب اللسان ہے۔ جو صرف عالمِ انسانی کے لیے رحمت نہیں، بلکہ سارے عالموں کے لیے رحمت ہیں۔ جن پر خود خالق کو ناز ہے۔ اور وہ اور جن کے فرشتے اُن پر درود بھیجتے ہیں۔ جن پر درود و سلام بھیجنا عبادت کا درجہ رکھتا ہے اور مومنوں پر فرض ہے۔ جن کی اطاعت کو خدا نے اپنی اطاعت فرمایا اور جن کی متابعت کو اپنی محبوبیت کے بلند ترین درجے کا سبب ٹھہرایا۔ جن کی نگاہِ فیض رساں نے خاک کو نہ خالص بلکہ کیمیا اثر بنا دیا۔ جنہوں نے نئے زمانوں کے دروازے کھولے، نئے انسان بنائے۔ ان کی ترقی کے امکانات کو نئی وسعتیں عطا فرمائیں۔ انسان کو عظمت کی اس معراج تک پہنچایا کہ فرشتے اس کی مجالس ذکر میں بیٹھنا اپنے لیے باعثِ فخر سمجھتے ہیں۔ جسے خون بہانے والا (یسفک الدماء) کہتے تھے، غزوات میں اس کے ساتھ ہو کر خون بہایا۔

فرشتوں کے سردار جبرئیلِ امین کو شبِ معراج آپ کی ہمرکابی پر ناز ہے۔ انبیاء و رسل آپ کی شفاعت کا وسیلہ ڈھونڈتے ہیں۔ حکمت و دانش آپ کے قدم چومتی ہے۔ عشق و مستی آپ کے جلو میں چلتی ہے۔ حکمت کے خزانوں کے موتی لٹا دیے۔ کیف و مستی کے خُم خانوں کے منہ کھول دیے۔ اہلِ دانش ایک طرف دامن پھیلائے کھڑے ہیں۔ اہلِ محبت، دوسری طرف سراپا ناز بیٹھے ہیں۔ یہ شہرِ علم کے ... سے جھولیاں بھر بھر کر لے جا رہے ہیں۔ وہ اُن کی نگاہوں سے پیالے بھر بھر کے پی رہے ہیں۔ یہ بھی مطلق، وہ بھی شاد کام۔

آپؐ حق و باطل کا معیارِ مطلق تھے۔ جسے سندِ قبولیت عطا فرمائی، وہ حق ہے۔ جسے رد فرما دیا وہ بدی ٹھہری۔ جو کہا قانون بنا۔ جو کیا معیار ٹھہرا۔ آپؐ قرآنِ مجسم تھے۔ آپؐ کی حیاتِ طیبہ تعلیمِ قرآنِ پاک کا عملی نمونہ تھی۔

تھا وہی قرآن، وہی فرقان، وہی یٰسین، وہی طٰہٰ

دنیا کا رُخ

تم دیکھتے ہو اکبرؔ دنیا کا رُخ کدھر ہے
یہ وقت الاماں ہے یہ وقت الحذر ہے
حیرت سے دیکھتا ہوں ہر صاحبِ خرد کو
اس کی زباں کدھر ہے اور اس کا دل کدھر ہے

اکبر الہ آبادی

خلیج فارس میں تیل کے چشموں کو خطرہ لاحق ہوا تو امریکہ روس کیخلاف جنگ شروع کر دے گا

واشنگٹن ۔۔۔۔ (اے پی پی) امریکی سینیٹر خلیج فارس میں حملہ کی صورت میں امریکی رد عمل کے بارے میں دو گروہوں میں بٹ گئے ہیں۔ جبکہ سیاسی کسنجر پہلے سے امریکی افواج روسی جارحیت کے خلاف جوابی کارروائی کریں تو شائع ہونے والے شام کے اخبار واشنگٹن سٹار کے مطابق یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی کہ اگر روسی فوجیں جنوبی ایران میں تیل کے چشموں کی طرف بڑھیں تو جنرل ہیگ کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں رہے گا کہ وہ جنگ میں کود جائے تاہم اس بات پر کچھ اختلافات ہے کہ اگر روسی فوجیں شمالی ایران یا پاکستان میں داخل ہوں تو کیا امریکی فوجی مداخلت کی ضرورت ہوگی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ جو لوگ مزید روسی جارحیت کو کسی صورت برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ان میں سینیٹر میگگورن بھی شامل ہیں جو کسی زمانے میں ویت نام میں امریکہ کے ملوث ہونے کے سبب سے بڑے مخالف تھے ان سے پوچھا گیا کہ اگر روسی فوجیں پاکستان میں داخل ہوں تو کیا امریکہ کو فوجی کارروائی کرنا چاہیے تو انہوں نے جواب دیا یقیناً۔ اور میں ایران کے بارے میں بھی یہی کہوں گا۔

واشنگٹن سٹار کے مطابق اس سے زیادہ غالب امکان یہ ہے کہ اگر روسی ایران میں داخل ہوتے ہیں تو اس کا مطلب جنگ ہوگا لیکن اگر وہ پاکستان کا رخ کرتے ہیں تو غالباً اس کا رد عمل کچھ مختلف نوعیت کا ہوگا۔ اخبار نے سینیٹر جان گلین کے حوالے سے لکھا ہے کہ اگر روسی ایران میں داخل ہوتے ہیں تو صرف امریکہ نہیں دنیا کے دوسرے آزاد ملکوں کی طرف سے فوجی کارروائی ضروری ہو جائے گی لیکن پاکستان کے معاملے میں ذرا احتیاط سے آگے بڑھنا ہوگا ایک دوسرے کے مطابق امریکہ کو صرف اسی صورت میں فوجی ...

مطابق اگر کوئی چاہے حسب جنوبی ایران میں تیل کے چشموں ... کو خطرہ لاحق ہو جائے۔ سینیٹ کی خارجہ تعلقات کی کمیٹی کے چیئرمین مسٹر فرینک چرچ کا کہنا ہے کہ ہمیں تیل کے ان کنوؤں کی ہر قیمت پر حفاظت کرنی پڑے گی کیونکہ اس سے ہمارا نہایت اہم مفاد وابستہ ہے۔



لندن ۔۔۔۔ (اے پی پی) برطانوی جریدے ٹائمز نے پاکستان کے تازہ ترین حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ گزشتہ ہفتے میں اس نے عالمی سیاست میں اہم مقام حاصل کر لیا ہے اور امریکہ کے علاوہ روس اور چین بھی پاکستان کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اخبار نے تازہ ترین اداریے میں لکھا ہے کہ اس وقت جو فیصلہ کیا جائے گا وہ آئندہ واقعات کی راہ متعین کرے گا۔ امریکہ اور چین کو یہ فیصلہ کرنا ہے کہ آیا روس کو بحر ہند اور تیل کے ذخائر تک رسائی کی اجازت دی جا سکتی ہے یا نہیں۔



میں باہر جا کر ملک کی خدمت کرنا چاہتا ہوں: محمد علی

لاہور ۔۔۔۔ (اے پی پی) فلم سٹار محمد علی نے کہا ہے کہ بھارت میں شائع ہونے والی ایک خبر سے ان کے مداحوں اور دوستوں میں یہ غلط تاثر پیدا ہوا ہے کہ وہ پاکستان چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا حقیقت یہ ہے کہ میں باہر جا کر اپنے ملک کی بہتر طور پر خدمت کرنے کا خواہشمند ہوں۔ انہوں نے کہا میں غیر ملکی فلموں یا بھارت کے اشتراک سے تیار ہونے والی فلموں میں کام کروں گا جس کی منظوری دینا حکومت پاکستان کی صوابدید پر منحصر ہے۔ انہوں نے کہا میں چاہتا ہوں کہ پاکستان کی فلمی صنعت دنیا میں پھلے پھولے اور اس کا شاندار ثقافتی ورثہ مادر وطن کے لئے عزت و وقار کا باعث ہو۔

روسی آبدوز منگلور بندرگاہ میں داخل ہو گئی

منگلور ۔۔۔۔ (اے پی پی) ایک روسی آبدوز جس کے ہمراہ ایک بحری جہاز بھی ہے کل آندلیپ ملاکا سے گزر کر بندرگاہ میں داخل ہوئی۔ آبدوز کی آمد سے پہلے مقامی حلقوں کو اطلاع دی گئی تھی۔ اس سے قبل آبدوز کو سمندر میں گشت کرتے دیکھا گیا تھا۔ اس وقت منگلور کی بندرگاہ میں کئی بحری جہاز بھی کھڑے تھے۔ کسی کو یہ معلوم نہیں کہ آبدوز کس مقصد کے لئے آئی ہے۔ فوجی اور شہری ذرائع نے اس بارے میں تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا ہے کہ روسی آبدوز کیوں آئی ہے اور یہ بحری جہاز کس جانب جا رہا ہے۔

بھارتی صدر نے پاکستان کو دفاعی راز منتقل کرنے کے الزام میں گیارہ فوجی ملازمین کو برطرف کر دیا

نئی دہلی ۔۔۔۔ یہ معلوم ہوا ہے کہ بھارتی صدر نے مسلح افواج کے سپریم کمانڈر کی حیثیت سے گیارہ فوجی ملازمین کو جن میں بعض افسر بھی شامل ہیں ملازمت سے برطرف کر دیا ہے۔ ان فوجی ملازمین کو مبینہ طور پر بھارت کے دفاعی راز پاکستان کو منتقل کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کی برطرفی ڈیفنس کونسل میں بحث و تمحیص کے بعد عمل میں آئی ہے۔ کیونکہ آرمی ایکٹ کی رو سے اگر کسی فوجی ملازم نے تین سال قبل کوئی جرم سرزد ہوا ہو تو اس کا کورٹ مارشل نہیں کیا جا سکتا۔ صدر نے یہ بھی حکم دیا ہے کہ ان کے خلاف سرکاری راز افشا کرنے کے ایکٹ کے تحت سول عدالت میں مقدمہ چلایا جائے۔ ان ذرائع نے یہ بھی بتایا ہے کہ کرنل اور ایک کیپٹن سمیت چار فوجی ملازمین کی طرف سے دائر کردہ رحم کی درخواستیں مسترد کر دی ہیں۔ ۱۵ جنوری کو جاسوسی کے اس سکینڈل کا سراغ لگانے کے سلسلے میں جن فوجی افسروں نے نمایاں کردار ادا کیا تھا انہیں میڈل دینے کی سفارش کی گئی ہے۔

ببرک کارمل نے بھارتی سفیر کے عشائیہ میں شرکت کی

کابل ۔۔۔۔ (اے پی پی) افغانستان میں بھارت کے سفیر نے کل بھارت کے یوم جمہوریہ کے موقع پر عشائیہ دیا جس میں افغانستان کے صدر ببرک کارمل اور پولٹ بیورو کے تمام ارکان نے شرکت کی۔ صدر کارمل گزشتہ ماہ برسر اقتدار آنے کے بعد پہلی مرتبہ عوام کے سامنے آئے ہیں۔

دکانوں پر موجود سمگل شدہ اشیاء کی فروخت ممنوع قرار دے دی گئی

کسٹم حکام نے ایسا تمام سامان سربمہر کر دیا۔ چھاپے مارنے کا کام جاری رہے گا

لاہور ۔۔۔۔ پنجاب میں مارشل لاء حکام نے فوری طور پر سمگل شدہ اشیاء کی فروخت پر پابندی لگا دی ہے جو ابھی تک دوکانوں پر موجود ہیں اور جن پر ڈیوٹی ادا نہیں کی گئی۔ کسٹم حکام نے آج شام سے متعلقہ دکانوں میں ان اشیاء کو سربمہر کر دیا ہے۔ ایک پریس ریلیز کے مطابق پنجاب کے مارشل لاء حکام اور کسٹم حکام چھاپوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ مارکیٹ میں سمگل شدہ اشیاء کی فروخت نہ ہو اور تاجر ایسی اشیاء کو اپنے قبضے میں نہ رکھیں۔

واضح رہے کہ گزشتہ دنوں میں دکانداروں اور تاجروں کو اجازت دی گئی تھی کہ وہ ڈیوٹی ادا کرنے کے بعد تمام سمگل شدہ اشیاء ۱۵ جنوری تک فروخت کر سکیں گے۔


اس سے قبل شائع شدہ اطلاعات کے مطابق تمام سمگل شدہ اشیاء جن پر دکانداروں نے ٹیکس ادا نہیں کیا متعلقہ دکانوں اور گوداموں میں سربمہر کر دی جائیں گی۔ مارشل لاء احکام کے مطابق اصل صورت حال یہ ہے کہ سمگل شدہ اشیاء پر ٹیکس پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے لیکن مقررہ عرصہ کے دوران فروخت نہیں کی جا سکیں انہیں سربمہر کر دیا جائے گا۔ پولیس ریلیز میں واضح کیا گیا ہے کہ سمگل شدہ اشیاء کا کاروبار جرم ہے اور جو اشیاء فروخت کی گئیں ان پر مارشل لاء کے تحت مقدمہ چلایا جائے گا۔

اسلام کو مغربی مفادات کے منافی قوت خیال کرنا غلط ہے

اسلامی اور مغربی ممالک مشترکہ طور پر روسی کمیونزم کے خلاف جدوجہد کریں: ڈگلس ہرڈ

لندن ۔۔۔۔ (اے پی پی) برطانیہ کے نائب وزیر خارجہ کے مطابق مسٹر ڈگلس ہرڈ نے آج یہاں کہا ہے کہ اسلام کو مغربی مفادات اور اقدار کے منافی قوت خیال کرنا غلط ہے۔ مسٹر ہرڈ نے مشرق وسطیٰ کا ایسوسی ایشن کے ایک اجلاس میں تقریر کرتے ہوئے اس ضرورت پر زور دیا کہ اسلامی اور مغربی روایات کے درمیان کوئی موروثی جھگڑا نہیں ہے۔ اور اسلامی ممالک اور مغربی ممالک کو اسلام کے درمیان قریبی تعلقات قائم کرنے کا مخالف نہیں۔ مسٹر ہرڈ نے کہا مغرب اسلام کو اقدار میں کوئی فرق نہیں ہے۔ فرق صرف مارکسزم اور اسلام کے درمیان ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت فلسطینی مسئلے کے حل کے لئے کوششوں کو تیز کرنے کی ضرورت ہے۔

انہوں نے کہا اسرائیل کو یہ بات تسلیم کر لینی چاہیے کہ فلسطینی عوام کے بھی سیاسی حقوق ہیں اور انہیں ان کے حقوق دیئے بغیر کوئی حل تلاش کرنا ممکن نہیں۔ فلسطینی عوام کی خواہشات پوری کی جائیں... عربوں اور اسرائیل کے درمیان باہمی سمجھوتہ ممکن ہے اور فلسطینیوں کے مستقبل کا فیصلہ اس طریقے سے کیا جانا چاہیے جو فلسطینیوں کے لئے قابل قبول ہو۔



نئی دہلی ۔۔۔۔ (اے پی پی) ہندوستان کے سابق سفیر اور جواہر لعل نہرو کی بہن مسز وجے لکشمی پنڈت نے بھارت میں پاکستان اور افغان عوام کی حمایت میں ایک مہم شروع کر دی ہے۔ بھارتی عوام کے نام ایک اپیل میں مسز وجے لکشمی پنڈت نے افغانستان میں روسی مداخلت کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ اس واقعہ سے پوری دنیا کے عوام شدید دھچکا لگا ہے۔ ہم پاکستان کے عوام کی پریشانی کو خوب سمجھتے ہیں۔ جن کی سرحدیں اس مداخلت کے بعد غیر محفوظ ہو گئی ہیں۔ ہم اس حقیقت سے انحراف نہیں کر سکتے۔ بھارت کو بڑے ملک ہے اس تشویشناک صورت کا مقابلہ کرنے کے سلسلے میں اعتماد اور عقلمندی سے کام لینا ہوگا۔ سب سے پہلے اقدام کے طور پر ہندوستانی عوام کو جو آزادی سے محبت رکھتے ہیں چاہیے کہ وہ افغانی اور پاکستانی عوام کو یقین دلائیں کہ وہ اس آزمائش کی گھڑی میں ان کے ساتھ ہیں اور پاکستان کو قریب تر لانے کے لئے جنگ نہ کرنے کا وعدہ کرنا چاہئے۔

یا رب الناس ...

کراچی ۔۔۔۔ (نمائندہ جنگ) آج کراچی کے جناح ہسپتال میں آئی اے کے ہمدرد ... پی آئی اے کی ... مخالف ... کے درمیان ... جس میں ... کو ... ہسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔

...

کاٹھمنڈو ۔۔۔۔ (رائٹر) ... نیپال میں ... جنگ ... کی تصویر ...

HONESTY. RESPONSIBILITY. FREEDOM-TOGETHER.

... اور NATO کی OBLIGATIONS کی عزت افزائی ہے۔ ... جابر ملکوں کی امداد ختم کر دی ہے۔ ہم سوویٹ یونین کے ہر طرح کے جبر و تشدد کے خلاف اپنے دوستوں کے ساتھ متحد کھڑے ہیں۔

صرف چھ ماہ کی مدت میں پروگریسیو کنزرویٹو پارٹی نے ایک اچھے اور پُر خلوص مستقبل کی بنیاد رکھ دی ہے۔

کام تو ابھی شروع ہوا ہے ۔۔۔ آئیے مل کر ساتھ جاری رکھیں۔

... ہمارے بچوں کا مستقبل ... پارٹی اور اپنے ... قرضوں اور ... سوشل ویلفیئر سے پاک ہو۔

جو کلارک کا ایمان ایک ایسے ملک پر ہے جس میں **ایمانداری** کے ساتھ کام کیا جاتا ہے۔ ان کا بجٹ اس شریک حیات کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے جو خاندان کا کاروبار چلانے میں مددگار رہے۔ بجٹ میں مرضی کے چھوٹے قرضوں کے ذریعے سود کی شرح کم کی گئی۔ مکان کے مالکان کی مدد کے لئے مارگیج ٹیکس کریڈٹ شروع کیا گیا۔ افراط زر کو کم کرنے والا یہ پروگرام آج جاری ہے۔ ... پروگریسیو کنزرویٹو پارٹی نے یہ ظاہر کر دیا ہے کہ چھوٹی مدت کے لئے توانائی کو ... مستقبل کی کینیڈین توانائی کی ضرورت پر کنٹرول کریں گی۔ ...

۱۸ فروری کو پروگریسیو کنزرویٹو کو ووٹ دیجیئے

On February 18th, vote PROGRESSIVE CONSERVATIVE

P. C. Party of Canada, Ottawa, Ontario

روسی افواج افغان مجاہدین کے خلاف زہریلی گیس استعمال کر رہی ہیں

پانچ صوبوں میں زہریلی گیس سے متعدد مجاہدین ہلاک، سانس کی تکلیف، نابینا اور مفلوج ہو جانے کے بعد جاں بحق ہو گئے

افغانستان کے تمام اہم شہروں اور قصبات پر روس کا مکمل قبضہ

قندھار میں ۳ ہزار روسی فوج موجود ہے۔ ہرات، فرح اور شندنڈ میں بھی روسیوں کا اجتماع

واشنگٹن ــــ (اے پی) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ روسی افواج نے کابل کی مارکسٹ حکومت کی مخالفت کرنے والے افغان مجاہدین آزادی کو ہلاک کرنے کے لئے زہریلی گیس استعمال کی ہے۔


پاکستانی قوم ملکی سالمیت کے دفاع کا عزم صمیم رکھتی ہے: محمود ہارون

اسلام دشمن عناصر کو پاکستان میں سر اٹھانے کی جرأت نہیں ہو سکتی

ملتان ــــ (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر داخلہ محمود اے ہارون نے کہا ہے کہ افغانستان میں روس کی ننگی جارحیت کے نتیجے میں پاکستان کو جو خطرات درپیش ہیں، قوم ان سے پوری طرح آگاہ ہے اور قوم کا مورال انتہائی بلند ہے۔

For your dining pleasure, THE RAJPUTS, renowned for their excellent Indo-Pakistani Cuisine, bring to you,

The Rajputs
AKBAR'S COURT
384 YONGE ST. at Gerrard
Tel. 595-1725
Fast Take-out and Delivery



OTHER LOCATION
the RAJPUT I
376 Bloor St. W.
921-3679
HOURS: Monday to Saturday
12 noon till midnight
Sunday 5 – 10 p.m.



حفیظ اللہ امین افغانستان سے روسی غلبہ ختم کرنا چاہتے تھے

چین سے تربیت یافتہ مسلح افراد کابل آ رہے ہیں، افغان وزیر داخلہ کا الزام

باقاعدہ کریسنٹ پڑھئے

روسی جارحیت کے خلاف مکمل جہاد کا اعلان کیا جائے

مسلم ممالک اس جہاد میں شرکت کے لئے نوجوانوں کو بھیجیں۔ روس کے خلاف مظاہرے جاری رہنے چاہئیں: اسلامی اتحاد برائے افغانستان کے رہنما کی پریس کانفرنس

افغان مجاہدین کی آزاد حکومت مارچ تک قائم ہو جائے گی

مجاہدین کی امداد کے لئے وزرائے خارجہ کی سطح پر کمیٹی تشکیل دی جائے

اتحاد نے پیٹھو حکومت کے اخراج کی درخواست دی۔ اتحاد کا موقف سننے پر اظہار تشکر

اسلام آباد ــــ

پاکستان کی دوسری بڑی بندرگاہ محمد بن قاسم کا پہلا مرحلہ دو برس تک مکمل ہو جائے گا

آٹھ میں پانچ گودیاں تعمیر کر لی گئیں

بھارت میں برسر اقتدار آنے والے بعض عناصر پاکستان کو ختم کرنے کے درپے ہیں: شیخ عبداللہ

افغانستان میں روسی کارروائی پاکستان اور بھارت دونوں کے لیے خطرہ ہے

مسئلہ کشمیر ایک حقیقت ہے اسے حل ہونا چاہئے: پاکستانی اخبار نویسوں سے بات چیت

اشتراکیت کے مقابلے میں آخری فتح اسلام کی ہو گی

لندن ــــ (اے پی) برطانیہ کے روزنامہ ٹائمز نے اسلام آباد میں اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کی کانفرنس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اشتراکیت کے مقابلے میں آخری فتح اسلام کی ہو گی۔

ملوسے کی قیمتوں میں اضافے سے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کے گھروں پر چوری کی وارداتیں

اسلام آباد ــــ (اے پی)

کافی تعداد میں پناہ گزین راستے میں ہلاک ہو جاتے ہیں

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287


ہنری کسنجر معزول شاہ ایران کو امریکہ میں پناہ دینے پر مصر تھے؟

تاج حسین

مالی برعنوانیوں کی خبر ایک مدعا نہ کر شائع کیا گیا تھا... اسکرین سے اخبارات کی سرخیوں تک موضوع بحث بن گئے تھے... مسلم انتہا پسند، اسلام، قرآن، عالم اسلام وغیرہ وغیرہ۔

ایک بلیک منیجر نے ... امریکہ ایران کو ایسا سبق دیگا کہ جیسے کاروں جمع ...

... JEWISH DEFENCE LEAGUE) بھی پیش



(۱) کمزور نگاہ کھلاڑیوں کے لئے گیند کا سائز بڑھا دیا جائے

(۲) جو کھلاڑی کیچ چھوڑتے ہیں ان کے لئے ... گیند ایجاد کی جانی چاہئے!

(۳) سپر اسٹار کی بجائے صفر اسٹار ... کو کھیلنے کا موقع دیا جائے

(۴) زخمی کھلاڑی کیلئے ... مہیا کیا جائے

(۵) چیئرمین کی کرسی کا ڈیزائن


ایرانی طلباء کمیونسٹ شہر یوں کے خلاف کارروائی نہیں کریں گے

آصف اقبال، ماجد خان اور ظہیر عباس بھارت کا دورہ مکمل ہونے کے بعد وطن واپس آنے کی بجائے انگلستان چلے جائیں گے

کراچی (خصوصی) معلوم ہوا ہے کہ بھارت کے دورے پر گئی ہوئی پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کپتان آصف اقبال، نائب کپتان ماجد خان اور سپر اسٹار بیٹسمین ظہیر عباس بھارت کا دورہ مکمل ہونے کے بعد واپس وطن نہیں آئیں گے، بلکہ بھارت سے انگلستان چلے جائیں گے ...


ظہیر عباس


ماجد خان



Good Citizenship deserves a Medal

کیا آپ انٹاریو میں کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جس نے بے غرضی، انسانیت اور رحمدلی سے اور بغیر کسی صلے کی امید کے اس صوبے کو رہائش کیلیے بہتر جگہ بنایا ہو؟

ایسے عظیم آدمی کیلیے انٹاریو کا GOOD CITIZENSHIP کا میڈل قائم کیا گیا تھا۔ اس میڈل کیلیے ہر سال انٹاریو کے شہریوں کی ایک خود مختار مشاورتی کونسل بارہ اشخاص کا انتخاب کرتی ہے اور اس کونسل کا اعزازی صدر صوبے کا لیفٹیننٹ گورنر ہوتا ہے۔

انٹاریو میڈل کے لیے کوئی بھی کسی شخص کا انتخاب کر سکتا ہے۔ نامزدگی کے فارم اس پتے پر خط لکھ کر منگوائے جا سکتے ہیں:

Executive Secretary
Advisory Council
Ontario Medal for Good Citizenship
Queen's Park
Toronto, Ontario M7A 1A1

کسی کو نامزد کرنا خود اچھی شہریت کو پسند کرنے کے عمل کا اظہار ہے۔ نامزدگی کی آخری تاریخ ۳۰ اپریل ۱۹۸۹ء ہے۔

Ontario Medal for Good Citizenship

کانفرنس نے بالاتفاق اہم فیصلے کرلئے (۱) ببرک حکومت کو تسلیم نہیں کیا جائے گا (۲) افغانستان کی رکنیت معطل (۳) اولمپک کا بائیکاٹ کیا جائے گا

عالمِ اسلام کی جانب سے روسی جارحیت کی شدید ترین مذمت

تمام روسی فوجیں بلا تاخیر افغانستان سے نکل جائیں

افغانستان کے پڑوسی ملکوں کی سلامتی کا تحفظ کرنے کا اعلان

اسلام آباد ــــــ ... اسلامی کانفرنس ... کا غیر معمولی اجلاس آج شام یہاں اختتام پذیر ہو گیا ...

مصر کا سیاسی، اقتصادی اور ثقافتی بائیکاٹ کرنے کی مذمت

مصر اسرائیل معاہدہ جارحیت

راولپنڈی ــــــ ...

ایران کو امریکی دھمکیوں کی مذمت

پابندیوں کی مخالفت کی جائے گی

ایران کا ساتھ دیا جائے گا

اسلام آباد ــــــ ...

پی آئی اے کے فضائی میزبانوں کی ٹریننگ کا اضافہ

لاہور ــــــ ...




ایلس انٹرنیشنل

سارے شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام


ہم ۲۲۰ وولٹ کے تمام اپلائنسز مثلاً فریج، ٹی وی، ایئر کنڈیشنر، ریڈیو، ریکارڈر اور واشنگ مشین کے علاوہ گیس کے چولہے بھی ہوب سے براہ راست کراچی بھجواتے ہیں۔

کینیڈا میں فلپس کے واحد منظور شدہ ڈیلر



پچھلے چھ سال سے

آپ کی خدمت کرنے والے



AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2J8
Tel: [416] 791-8496

M & M
Towing & Snow Ploughing

FOR ALL YOUR TOWING NEEDS FOR LOCAL AND LONG DISTANCE — WE HAVE 24 HOUR SERVICE.

گاڑی اٹھوانے اور برف سے نکلوانے کیلئے ظہیر صاحب کو فون کیجئے

Phone: (416)261-4262
(416)291-2027

صومالیہ کے خلاف جارحیت کی مذمت

تمام بیرونی افواج ختم کرنے کا فیصلہ

... عوام کے لئے امداد کا وعدہ

اسلام آباد ــــــ ...

اسلامی ملکوں پر پابندی کے نتائج

... سلامتی کے لئے سنگین ہوں گے

اسلام آباد ــــــ ...

بہادر شاہ ظفر

اور ملکہ زینت محل کے

ملبوسات چوری ہوگئے

کلکتہ ــــــ ...

Crescent-Feb. 15, 1980-Pg.15

طاهر نسیم

اے اہلِ پاکستان سنو!

آج حالات کی پکار کیا ہے ۔ وقت کی آواز کیا ہے

تمہارے لیے نوشتۂ دیوار کیا ہے؟

لاہور میں نوجوانوں کے ایک پر جوش اجتماع کی روداد

انہیں روسی جارحیت کا احساس ہوا اور اب وہ جوش میں ہیں لیکن میرے خیال میں ان حالات میں ہمیں جوش سے زیادہ ہوش سے کام لینا چاہیئے اور پھونک پھونک کر قدم بڑھانا چاہیئے۔ بالخصوص ہمیں اندرونی و بیرونی حالات و واقعات پر نظر رکھتے ہوئے، ہماری خارجہ پالیسی کو نہایت غور و فکر کے بعد صحیح سمت کی طرف گامزن کرنا چاہیئے۔ اس علاقے میں کھیلے جانے والے اس ڈرامے کا سین اب سکڑ رہا ہے اور شہسوار روس کے ٹینک ہماری سرحدوں پر آ پہنچے ہیں۔ اس صورت میں وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے آپ کو مضبوط بنائیں۔ اس حلقے میں معلوم ہوتا ہے کہ پاکستان ابھی قوت بنانا ہی چاہتا ہے۔ اگر ایسا ہے تو پھر ہمیں اس جانب اور بھی تیز قدم اُٹھانے چاہئیں۔ اس معاملے میں کسی قسم کی تاخیر قومی سلامتی کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔

الطاف حسن قریشی

جناب اسلم کے بعد سٹیج سے جناب الطاف حسن قریشی کو اظہارِ خیال کی دعوت دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس ...



الطاف حسن قریشی

دُنیا جان لے کہ امریکہ اور پاکستان ایک دوسرے کے دوست ہیں

برزنسکی اور وارن کرسٹوفر کا اسلام آباد پہنچنے پر بیان

اعلیٰ امریکی وفد صدر ضیاء الحق اور آغا شاہی سے پاکستان کے لیے امداد کے مسئلے پر بات چیت

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH GROCER

Tel. 762-1633

2783 Dundas St. West

Toronto, Ont.

ٹورانٹو کینیڈا

ہفت روزہ کرسنٹ انٹرنیشنل

اسلامی اقدار و بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۲۸ ربیع الاول ۱۴۰۰ھ | ۱۵ فروری ۱۹۸۰ء | شمارہ ۲۳

وزرائے خارجہ کی کانفرنس ایک ارب مسلمانوں کی توقعات پر پوری اتری ہے



اندرا کی پریشانی

نئی دہلی ۔۔۔۔ رپورٹر بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے ایک بار پھر پاکستان کو امریکی اسلحہ کی فراہمی پر اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے ... ہتھیار بھارت کے خلاف استعمال کئے جا سکتے ہیں ... افغانستان میں روسی فوجی مداخلت کے بعد امریکہ کی طرف سے پاکستان کو ہتھیاروں کی فراہمی کے منصوبوں پر تبصرہ کرتے ہوئے ... مسز اندرا گاندھی نے کہا جب کسی کے پاس ہتھیار ہوتے ہیں تو وہ انہیں استعمال بھی کر سکتا ہے ... [illegible]

[illegible]

تاشقند ۔۔۔۔ (پی پی آئی / اے پی / اے ایف پی) روس کے سرکاری روزنامے پراودا نے خبردار کیا ہے کہ روس ایران کے اندرونی معاملات میں بیرونی مداخلت برداشت نہیں کرے گا ... اخبار نے لکھا ہے کہ روس امریکہ کو اس بات کی ہرگز اجازت نہیں دے گا کہ وہ ایران پر اقتصادی پابندیاں عائد کرے۔

سرحد اور بلوچستان کے بارے میں مغربی ذرائع ابلاغ کا پروپیگنڈہ بالکل غلط ہے

روسی جارحیت کی صورت میں ان صوبوں کے عوام ملکی وطن کے دفاع میں شریک ہوں گے : یوسف خٹک

لاہور ۔۔۔۔ [illegible]

مظفر آباد ... آزاد کشمیر کے صدر بریگیڈیر حیات خان نے عید میلاد النبی کے مبارک موقع پر آزاد کشمیر کی جیلوں میں مقید ... قیدیوں کی سزاؤں میں ایک ماہ کی تخفیف کرنے کا اعلان کیا ہے۔

کانفرنس کے فیصلے عالم اسلام کی یکجہتی کے آئینہ دار ہیں

افغانستان کی روس نواز کٹھ پتلی حکومت الگ تھلگ ہو جائے گی : سیاسی حلقوں کا تبصرہ

اسلام آباد ۔۔۔۔ (پی پی آئی) اسلامی وزرائے خارجہ ... [illegible]

رسول اکرمؐ نے اختلاف رائے کا حق تسلیم کیا اور تنقید پر پابندی نہیں لگائی : جسٹس ذکی الدین پال

سیرت کانفرنس کی تیسری نشست میں دانشوروں اور علماء نے مقالے پیش کیے

لاہور ۔۔۔۔ وقائع نگار ۔ قومی سیرت کانفرنس کی تیسری نشست آج ... میں ہوئی ... اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین ریٹائرڈ جج محمد افضل چیمہ نے صدارت کی ... مقالات پیش کرنے والوں میں لاہور ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس ذکی الدین پال ... [illegible]

جہانزیب ارباب قطر میں سفیر ہو گئے

اسلام آباد ۔۔۔۔ (پی پی آئی) حکومت پاکستان نے ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل جہانزیب ارباب کو قطر میں پاکستان کا سفیر مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔

حملہ آور کا منہ نہیں چوما کرتے

راولپنڈی ۔۔۔۔ (پی پی آئی) آج یہاں ایک پریس کانفرنس میں صدر جنرل محمد ضیاء الحق سے ایک سوال پوچھا گیا کہ روس اگر حملہ کرے ... پاکستان کی سرحدوں میں داخل ہونے کی صورت میں کیا پاک فوج کو ... کا حکم دے دیا گیا ہے۔ صدر نے جواب میں کہا ... جب کوئی غیر ملکی جارحانہ عزائم کے ساتھ کسی ملک کی سرحدوں میں داخل ہوتا ہے تو لوگ آگے بڑھ کر ... نہیں لیتے؟

پی آئی اے نیویارک اور پاکستان کے درمیان بوئنگ ۷۴۷ چلائے گی

طیارہ کی خریداری کے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ منصوبہ اپریل تک عمل آمد شروع ہو جائے گا

کراچی ۔۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) پی آئی اے نے اپنے فضائی بیڑے میں ... بوئنگ ۷۴۷ طیارے کی خریداری کے لئے ... اور کمرشل بینکوں کے ایک گروپ کے ساتھ ... قرضے کے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں ... پی آئی اے نیویارک اور کراچی کے درمیان ... لاہور اور نیویارک کے درمیان ... شروع ہو چکی ہے۔

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ... $14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months .. $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

کرسنٹ انٹرنیشنل

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: [416] 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"



ببرک کارمل کی مومی ممی کروی جائے گی (ایک خبر)